وطن اور وطن سے دور بسنے والوں کی حقیقی اور مؤثر آواز
www.dailywatanvoice.com
Email:watanvoicedigital@gmail.com Cell:+923175526830
روزنامہ
Daily WATAN VOICE Digital
وطن وائس
ایڈیٹر: ارسلان معروف
چیف ایڈیٹر: چوہدری معروف حسین
جلد نمبر: 1 جمعرات 8 اکتوبر 2026، 25 ربیع الثانی 1448ھ، صفحات 4 قیمت 20 روپے شمارہ نمبر: 345

سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کی GHQ آمد، فیلڈ مارشل عاصم منیر کیساتھ اہم ملاقات

دہشت گردی، خطے میں امن واستحکام کے فروغ اور درپیش سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مختلف امور، مسئلہ کشمیر اور سندھ طاس معاہدہ پر تبادلہ

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کی قیادت میں انسانی ہمدردی پر مبنی تعاون کے فروغ میں اقوام متحدہ کے کردار کو سراہا

UN سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کا دہشتگردی کیخلاف جنگ اور اقوام متحدہ کے امن مشن میں پاکستانی مسلح افواج کی قربانیوں کو خراج تحسین



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے جی ایچ کیو راولپنڈی آمد پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات کے دوران جنوبی وشمیر کے تناظر میں، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو التوا میں رکھنے اور افغانستان سے پھیلنے والی دہشت گردی کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ اور درپیش سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مختلف امور پر خیالات کا تبادلہ کیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بین الاقوامی امن وسلامتی کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان کی خدمات اور قربانیوں کو اجاگر کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق انہوں نے انتونیو گوتریس کی قیادت میں امن، استحکام اور انسانی ہمدردی پر مبنی تعاون کے فروغ میں اقوام متحدہ کے کردار کو بھی سراہا۔ دوسری جانب اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی کا عمل آگے بڑھائیں گے، افتخار گیلانی

مسلم لیگی وفد کی وزارتِ عظمیٰ کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش، گلدستے پیش اور میرپور کو درپیش مختلف مسائل سے آگاہی، وزیر اعظم افتخار گیلانی کی قیادت میں آزاد کشمیر میں ترقی اور خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا، چوہدری محمد سعید

چوہدری رزاق، فاروق چوہان، مرزا عزیز الرحمان، راجہ عمران منیر، چوہدری ناصر، امجد پاشا، حافظ یاسر بشیر، انصر بشیر، زاہد سبحانی، چوہدری محمود، حاجی جاوید، عابد ٹھاکر، بشیر تاس، محمد حمید، الیاس چوہدری، ظفر بنگش، میر فاروق، راجہ قیصر، شرجیل احمد، چوہدری ارشد، مرزا حامد

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی سے ممبر کشمیر کونسل چوہدری محمد سعید کی سربراہی میں مسلم لیگ (ن) میر پور کے ایک بڑے وفد نے جموں کشمیر ہاؤس میں ملاقات کی۔ وفد نے افتخار گیلانی کو وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور میر پور کو درپیش مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔ وفد نے اس امید کا اظہار کیا کہ وزیر اعظم افتخار گیلانی کی قیادت میں آزاد کشمیر میں ترقی اور خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم افتخار گیلانی نے کہا کہ میر پور آزاد کشمیر کے ماتھے کا جھومر ہے، حکومت میر پور کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرے گی۔ جماعتی کارکنان کا خاص خیال رکھا جائیگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے 2021 سے 2026 تک کے دور حکومت میں آزاد کشمیر میں جس انداز سے تعمیر و ترقی ہوئی اسی تسلسل کو 2026 سے 2031 کے دوران بھی جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی حکومت آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی کے عمل کو مزید آگے بڑھانے ہوئے عوام کی ترقی و خوشحالی اور مسائل کے حل کو یقینی بنائے گی۔ ملاقات کے اختتام پر وفد نے شرکاء نے وزیر اعظم آزاد کشمیر کو گلدستے پیش کیے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد، صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر نجیب نقی سے سردار مسعود اور ممبر کشمیر کونسل چوہدری لطیف اکبر ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد، وزیر اعظم افتخار گیلانی کی سے ممبر کشمیر کونسل چوہدری رزاق، فاروق چوہان، مرزا عزیز الرحمان، راجہ عمران منیر، چوہدری ناصر، امجد پاشا، حافظ یاسر بشیر، انصر بشیر، زاہد سبحانی، چوہدری محمود، حاجی جاوید، عابد ٹھاکر، بشیر تاس، محمد حمید، الیاس چوہدری، ظفر بنگش، میر فاروق، راجہ قیصر، شرجیل احمد، چوہدری ارشد، مرزا حامد ملاقات کر رہے ہیں

ڈائریکٹر جنرل راجہ شاہد کا وادی نیلم میں سیاحتی مقامات کا معائنہ

سیاحتی مقامات پر موجود سہولیات، انفراسٹرکچر، رہائشی سہولیات کا جائزہ

ایکولوزم کو فروغ دینے کیلئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے، راجہ شاہد

ریاست جموں وکشمیر عبدالرحمن آرائیں اور سیکرٹری سیاحت اظہر یعقوبی کی ہدایات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل سیاحت راجہ شاہد حسین نے وادی نیلم (خبر نگار) وزیر سیاحت آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر عبدالرحمن آرائیں اور سیکرٹری سیاحت اظہر یعقوبی کی ہدایات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل سیاحت راجہ شاہد حسین نے وادی نیلم کے دورے کے دوران کیل نورست مڈل سمیت گریس کے مختلف اہم سیاحتی مقامات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے دورہ نیلم کے دوسرے روز سیاحتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

پائیدار امن کیلئے کشمیر کے تنازعے کا حل ضروری ہے، مملکت

سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ معطل نہیں کیا جاسکتا، پانی کو ہتھیار یا سیاسی دباؤ کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے

افغان سرزمین پاکستان یا کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے، تقریب سے خطاب

پائیدار امن کیلئے دیرینہ تنازعات بالخصوص مسئلہ کشمیر کا مذاکرات کے ذریعے حل ضروری ہے، صدر مملکت



اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا غیر مؤثر نہیں کیا جا سکتا، پانی کو ہتھیار یا (باقی صفحہ 2 بقیہ نمبر 5)

پاکستان کی معاشی بہتری کا دنیا اعتراف کر رہی ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ پاکستان کی معاشی بہتری کا عالمی مالیاتی (باقی صفحہ 2 بقیہ نمبر 6)

میر پور، وزیر برقیات راجہ ثاقب مجید کا یونسکو آمد پر استقبال کی جارہا ہے

حفاظتی اقدامات آگاہی مہم، میر پور یونیورسٹی میں 3 روزہ تربیتی پروگرام کا آغاز

حفاظتی اقدامات، ہنگامی امداد، اور ایمرجنسی کی صورت میں مؤثر ردعمل کے حوالے سے تربیت فراہم

یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے طلبہ وملازمین کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے حوالے سے عملی و نظری تربیت فراہم کی جائے گی

تربیتی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ واساتذہ کو کسی بھی ناگہانی صورتحال میں بروقت، محفوظ اور مؤثر ردعمل کے لیے تیار کیا جارہا ہے

میر پور (نمائندہ خصوصی) ہفتہ آگاہی ہم برائے حادثات کے سلسلے میں ریسکیو 1122 میر پور کے زیر اہتمام میر پور یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (MUST) میں فائر سیفٹی، ایمرجنسی انخلا کی ڈرل، فرسٹ ایڈ اور CPR کے موضوعات پر مشتمل تین روزہ تربیتی پروگرام کا آغاز کر دیا گیا۔ تربیتی پروگرام 7، 8 اور 9 اکتوبر کو جاری رہے گا جس کے دوران یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے طلبہ و ملازمین کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے حوالے سے عملی و نظری تربیت فراہم کی جائے گی، جبکہ تقریباً 600 شرکاء اس پروگرام سے مستفید ہوں گے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)



فورسز کی پختونخوا بلوچستان میں کارروائیاں، 18 خوارج ہلاک

شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے 13 خوارج کو ہلاک کیا گیا، سکیورٹی فورسز کوہاٹ میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے میں 7 پولیس اہلکار زخمی پولیس اور سکیورٹی فورسز کا سرچ آپریشن جاری

زخمی ہونیوالوں کو ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کر دیا گیا جب کہ پولیس کی بھرپور جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار ہو گئے

راولپنڈی، پشاور (آئی این پی) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں عزم استحکام و ویژن کے تحت مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے 18 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے، سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے 13 خوارج کو ہلاک کر دیا، سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردوجوار میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا، ذرائع کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کی نقل و حرکت پر مسلسل نگرانی رکھتے ہوئے ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)



اسلام آباد، صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر نجیب نقی سے سردار مسعود اور ممبر کشمیر کونسل چوہدری لطیف اکبر ملاقات کر رہے ہیں

PIO رئیسہ عادل کا اہم اقدام، اخبارات کیلئے واٹس ایپ گروپ قائم

پرنٹنگ کی نگرانی کے اقدام سے روزانہ پرنٹ ہونیوالے اخبارات کی حق تلفی نہیں ہوگی

گروپ کو بنانے کا مقصد روزانہ پرنٹ ہونیوالے اخبارات کو باقاعدگی سے شیئر کرنا ہے

چائے پرتال سے غیر مطبوعہ اخبارات سے متعلق میڈیا کا تاثر واضح اور شفاف ہو جاتا ہے

منصفانہ بنیادوں پر تمام قومی اور علاقائی اخبارات کو اشتہارات جاری کئے جاتے ہیں

علاقائی اخبارات کو اشتہارات جاری کرنے کے حوالے سے ہیں پریشنل انفارمیشن آفیسر محترمہ رئیسہ عادل کی جانب سے ایک خوش آئند اور احسن اقدام اٹھاتے ہوئے ایک خصوصی واٹس ایپ گروپ تشکیل دیا گیا ہے، اس گروپ کو بنانے کا بنیادی مقصد روزانہ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پریشنل انفارمیشن آفیسر محترمہ رئیسہ عادل کا احسن اقدام ہے، اخبارات کی روزانہ پرنٹنگ کی نگرانی کے لیے واٹس ایپ گروپ قائم ہے، اس اقدام سے روزانہ پرنٹ ہونے والے اخبارات کی حق تلفی نہیں ہوگی اور منصفانہ بنیادوں پر تمام قومی اور

فاروق اچ نائیک نے جوڈیشل کمیشن کی رکنیت سے استعفیٰ دیدیا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے سینیٹر فاروق اچ نائیک نے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا۔ جیو نیوز سے گفتگو فاروق اچ نائیک نے کہا کہ جوڈیشل کمیشن سے استعفیٰ ذاتی وجوہات پر دے رہا ہوں، اپنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

شہدائے زلزلہ کی قربانیوں نے تاریخ رقم کی، فیصل راٹھور

8 اکتوبر کے بعد سسکتی انسانیت کو افواج نے ریسکیو کیا، سابق وزیر اعظم

عقیدت پیش کرتے ہوئے آزاد کشمیر میں تعینات افواج پاکستان، عالمی برادری، این جی اوز اور تنظیمات کا شکریہ ادا کیا، انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 12)

مظفر آباد (نمائندہ خصوصی) آزاد کشمیر کے سابق وزیر اعظم ممبر قانون ساز اسمبلی راجہ فیصل ممتاز راٹھور نے 8 اکتوبر 2005 کے قیامت خیز زلزلہ میں شہید ہونے والے تمام انسانوں کو خراج



اسلام آباد وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام ملاقات کر رہے ہیں

زلزلہ متاثرین کی جذبہ انسانیت کے تحت مدد ناقابل فراموش ہے، مظہر سعید

8 اکتوبر پاکستان اور آزاد کشمیر کی تاریخ کا المناک باب، زخم آج بھی دلوں میں ہرے ہیں

کہ پاکستانی قوم نے 8 اکتوبر کے سانحے کے بعد بے مثال قومی یکجہتی کا مظاہرہ کیا، ممبر اسمبلی

مظفر آباد (نمائندہ خصوصی) ممبر قانون ساز اسمبلی و صابق وزیر حکومت پیپلز مظہر سعید شاہ نے 8 اکتوبر 2005 کے تباہ کن زلزلے کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن آزاد کشمیر اور پاکستان کی تاریخ کا ایک ایسا المناک باب ہے جس کے زخم آج بھی ہمارے دلوں میں تازہ ہیں۔ 8 اکتوبر 2005 کو قیامت خیز زلزلہ چند لمحوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)



صدر پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چوہدری یاسین کیساتھ پارلیمانی اجلاس کے موقع پر یاسر سلطان آتشزدگی سے متاثرہ خاندان کو نقد امداد دے رہے ہیں

پی پی پاکستان نے اقوام متحدہ میں مسئلہ کشمیر کو جاندار انداز میں اجاگر کیا، اناقاچی

غزالہ حبیب کی زیر صدارت "کشمیریت اور پاکستانیت" کانفرنس میں ڈاکٹر عامر قریشی، برکت بیریا، غلام جھانگیرا، بابر رحمانی، اشرف منیر، اقبال حسن وگیر شامل تھے

کانفرنس کا مقصد حق خودارادیت اور مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنا تھا، پاکستان نے ہمیشہ کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کی، چیئرمین کشمیر کمیٹی

کشمیری عوام اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور دیرپا حل کے خواہاں ہیں، پرامن حل کیلئے موثر سفارتی کوششوں کی ضرورت ہے، غزالہ حبیب

بلاور مہمان خصوصی شرکت کی۔ کانفرنس کا مقصد متنوع جموں وکشمیر کے عوام کے حق خودارادیت اور مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنا تھا۔ کانفرنس کی صدارت معروف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

شرکت ڈیالاس میں فریڈز آف کشمیر کے زیر اہتمام منعقدہ "کشمیریت اور پاکستانیت ایک ہیں" کے عنوان سے ایک کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں پارلیمانی کشمیر کمیٹی کے چیئرمین راجا قاسم نون نے

ڈیالاس/لیکساس (خبر نگار) پارلیمانی کشمیر کمیٹی کے چیئرمین راجا قاسم نون کی فریڈز آف کشمیر کی زیر اہتمام منعقدہ "کشمیریت اور پاکستانیت ایک ہیں" کے عنوان سے ایک کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں



شہدائے زلزلہ کی 21 ویں برسی آج، متاثرین آج بھی بدترین شہادگی خراج عقیدت

ناقابل فراموش قومی یاد، استقامت کی داستان، پاکستانی قوم، عالمی برادری، این جی اوز کا جذبہ بھی بے مثال رہا

آج خصوصی تقریبات، سیمینارز، ریلیوں کا انعقاد کیا جائیگا، محفوظ مضبوط، پُرامن اور خوشحال آزاد کشمیر کیلئے متحد ہیں، ڈاکٹر نجیب خان

زلزلہ میں ہزاروں مکانات، سرکاری وغیر عمارات، سکولز اور دیگر بنیادی ڈھانچے تباہ، ضلعی انتظامیہ عوامی آگاہی اور حفاظتی اقدامات کو مزید مؤثر بنائیگی

مظفر آباد، مبصر میر پور (نمائندگان) (8 اکتوبر 2005 کو آنے والے تباہ کن زلزلے کی 21 سال ہو گئے۔ 8 اکتوبر 2005 میں صبح ساڑھے 8 بجے آنے والے شدید زلزلے سے آزاد کشمیر اور پنجاب کے مختلف حصوں میں 8.1 ریکارڈ کی گئی تھی، زلزلے کے 86 ہزار سے زائد آفٹر شاکس پہنچا تھا، زلزلے کی شدت اس زلزلے کے نتیجہ میں 73 ہزار سے زائد افراد جاں بحق اور 69 ہزار زخمی ہوگئے تھے۔ لاکھوں مکانات مکمل اور جزوی طور پر تباہ ہوئے، سکول، سرکاری و نجی عمارتیں، پل، سڑکیں تباہ ہوگئیں۔ آٹھ اکتوبر 2005 کو پاکستان بالخصوص آزاد جموں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)



سینئر نائب امیر JUI مولانا امتیاز عباسی 7 روزہ دورہ پر کراچی روانہ

مولانا اعجاز احمد کاشمیری کی میزبانی میں مختلف پروگرامات میں شرکت کریں گے

جمعیت علما اسلام کا مقصد اسلامی قانون کا نفاذ اور شریعت کا نفاذ ہے، مفتی ابرار عباسی

اسلامی تعلیمات اور مذہبی اقدار میں JUI اپنی پالیسیوں کی وجہ سے پہچان رکھتی ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) جمعیت علما اسلام جموں کشمیر ضلع راولپنڈی کے سینئر نائب امیر مفتی محمد ابرار عباسی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ شاہین جمعیت کے سینئر نائب امیر جمعیت علمائے اسلام جموں وکشمیر حضرت مولانا امتیاز احمد عباسی سات روزہ دورے پر کراچی روانہ ہوگئے ہیں جہاں پر وہ حضرت مولانا اعجاز احمد کاشمیری سینئر رہنما جمعیت علما اسلام صوبہ سندھ کی میزبانی میں مختلف پروگرامات میں شرکت فرمائیں گے انہوں نے مزید کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام کا مقصد ملک میں اسلامی قانون کا نفاذ اور شریعت کا نفاذ ہے انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

مظفر آباد، مرکز برائے عالمی تحریراتی مطالعات کے زیر اہتمام سیمینار کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو



مظفر آباد، سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر محمد ریئس کے ہمراہ سٹاف کا گروپ فوٹو


وطن اور وطن سے دور بسنے والوں کی حقیقی اور موثر آواز
Email:watanvoicedigital@gmail.com Cell:+923175526830
روزنامہ
Daily WATAN VOICE Digital
وطن وائس
ویب پیپل
چیف ایڈیٹر: چوہدری معروف حسین
بدھ 07 اکتوبر 2026

مکہ دفاعی اتحاد کے تحت عملی اقدامات

مکہ دفاعی اتحاد نے ضروری فوجی قوت اور صلاحیتیں سعودی عرب میں فوری تعیناتی کیلئے فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اتحاد کی سٹریٹجک سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا ہنگامی اجلاس ریاض میں ہوا جس میں تینوں ملکوں کے نمائندوں نے شرکت کی لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود تین سال کیلئے مکہ دفاعی اتحاد کے پہلے میکرٹری جنرل مقرر کر دیئے گئے۔ فریقین نے میکرٹری جنرل کی تقرری کا خیر مقدم کرتے ہوئے اُن کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اتحاد کو آگے بڑھانے اور اُس کے مقاصد کے حصول میں اُن کے کردار پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اجلاس میں مکہ اور مدینہ کو نشانہ بنانے کی کوشش اور سعودی شہروں پر حملوں کی مذمت کی گئی۔ اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ ہم سعودی عرب کی سلامتی کیخلاف حملے یا دھمکی کو مسترد کرتے ہیں، سعودی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور تیاری کو سراہتے ہیں، مکہ دفاعی اتحاد اجتماعی دفاع کے پختہ عزم اور خطرات کیخلاف متحد و متوقف کا عکاس ہے۔ اجلاس میں اجتماعی دفاعی دعدوں پر فوری عملی پیشرفت کا فیصلہ کیا گیا، ضروری فوجی قوت اور صلاحیتیں سعودی عرب میں فوری تعیناتی کیلئے فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ مشترکہ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا کہ تینوں ممالک کی سلامتی اجتماعی بقاء کا لازمی حصہ ہے، مکہ دفاعی معاہدے کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا اجتماعی دفاع کے عزم کی سا کھ بھی کرتا ہے۔ تینوں ممالک اپنی سلامتی، خود مختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کیلئے متحد اور پُرعزم ہیں۔ کھٹی نے اجلاس سے قبل ہونے والے سیاسی اور عسکری مشاورتی عمل کے نتائج کا جائزہ لیا اور پیش کی گئی سفارشات کی منظوری دے دی جن میں فوجی وسائل اور صلاحیتوں کی سعودی عرب میں تیز رفتار تعیناتی یقینی بنانے کا کہا گیا جو منظور شدہ انتظامات کے علاوہ تینوں ممالک کے ریاستی قوانین کے مطابق ہوگی۔

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان کبھی دہائیوں سے قریبی دفاعی تعاون موجود ہے جبکہ ترکیہ بھی پاکستان اور سعودی عرب دونوں کے ساتھ دفاعی اور تزویراتی تعلقات رکھتا ہے، اسی باہمی تعاون کو 7 اگست 2026 کو ایک باقاعدہ اجتماعی دفاعی ڈھانچے میں تبدیل کیا گیا تھا۔ سعودی ولی عہد اور وزیر اعظم شہزاد محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف نے مکہ مکرمہ میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ معاہدے کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ تینوں میں سے کسی ایک ملک پر مسلح حملہ تینوں پر تصور کیا جائے گا۔ معاہدے کے تحت تینوں ممالک دفاعی تعاون کے تمام شعبوں اور کسی بھی جارحیت کے مقابلے میں اجتماعی دفاعی روک تھام کو موثر بنائیں گے۔ پاکستان نے کئی مواقع پر واضح کیا ہے کہ یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں، بلکہ دفاعی نوعیت کا ہے اور تینوں ریاستوں کی خود مختاری، علاقائی سالمیت اور عوام کے دفاع کی صلاحیت مضبوط بناتا ہے۔ معاہدے پر دستخط کے بعد اگلا مرحلہ اب شخص ایک سیاسی عزم کے بجائے ادارہ جاتی اور عملی تعاون میں تبدیل کرنے کا تھا۔ اتنوول میں 31 اگست کو تینوں ممالک کے وزرائے خارجہ، وزرائے دفاع اور دفاعی افواج کے سربراہان نے سٹریٹجک، سیاسی و دفاعی کمیٹی کے پہلے اجلاس میں ادارہ جاتی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا اور سعودی عرب میں ایک جنرل میکریٹریٹ قائم کرنے کا فیصلہ بھی کیا جس کی سربراہی ابتدائی طور پر تین سال کے لئے پاکستان سے تعلق رکھنے والے میکریٹری جنرل کے سپرد کی جائی تھی، پاکستان نے تعمیر میں لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود کا نام تین سالہ مدت کے لئے پہلے میکریٹری جنرل کے طور پر تقرری کے لئے پیش کیا تھا جبکہ میکریٹریٹ سعودی دارالحکومت ریاض میں قائم کیا جارہا ہے۔


میکرٹری جنرل کی تقرری سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ مکہ معاہدہ محض سربراہان حکومت کے درمیان ایک اعلامیہ نہیں رہا بلکہ مستقل ادارہ جاتی ڈھانچے کی طرف بڑھ رہا ہے۔ پاکستان جنوبی ایشیا، سعودی عرب خلیج اور مشرق وسطیٰ جبکہ ترکیہ یورپ، مشرق وسطیٰ اور ایشیا کے سنگم پر ایک اہم جغرافیائی حیثیت رکھتا ہے۔ تینوں ممالک کی دفاعی صلاحیت، جغرافیائی اہمیت اور طویل عرصے سے موجود باہمی تعلقات کے امتزاج نے ایسے تعاون کو جنم دیا ہے جس کے ذریعے ترکی ممالک اپنی سلامتی کے معاملات میں باہمی مشاورت، دفاعی تیاری اور مشترکہ ردعمل کی صلاحیت بہتر بنا سکتے ہیں۔ معاہدے کے قیام کے بعد اس کے ممکنہ نتائج کا ذکر میں کسی دوسرے فرعون کے دفتر میں روانہ ہوئے اور ہامان کے ساتھ ہی ہوگا۔ فرق کو پہچنے لگائے بغیر سرکاری ملازمین سے کام لینا نوجے شیر لانے کے مترادف ہو چکا ہے، اگر آپ متعلقہ سرکاری ملازمین کی کمی کو پورا کرنے کی فکر نہیں کرتے تو پھر آپ کی فائل تکلی کی رفتار سے بھاگتی ہوئی نظر آئے گی، ورنہ ڈیل وخوار ہونا آپ کا مقدر ہوگا، ویسے تو



نسیم شاہد

nasimshahid7@hotmail.com

ورزار، پیرود کریٹ اور عوامی نمائندے گاہے بہ گاہے سرکاری ہسپتالوں کا دورہ کرتے نظر آتے ہیں مگر یہ دورہ برائے دورہ ہوتا ہے۔ اس کا ہسپتالوں کی بہتری کے لئے رتی بھر اثر نہیں ہوگا۔ یہ اسی طرح ہے کہ آپ ایک چوہدری یا وڈیرے کو بڑی جگہ پر اپورا کرنے کی کوشش کریں۔ ہسپتالوں میں طبی عملے کی کمی ہے۔ یہی کہا جاتا ہے، ہزاروں ڈاکٹرز فارغ پھر رہے ہیں، انہیں جاب نہیں مل رہی، ہسپتالوں میں کنٹریکٹ پر ڈاکٹرز بھرتی نہیں جا رہی بلکہ کئی ڈاکٹرز کا کہنا ہے، صحت کے بجٹ میں جس قدر اضافہ کیا جانا چاہیے، آبادی کے بڑھ رہی ہے تو لازماً صحت وعلاج کو سہولتوں میں اضافہ بھی ضروری ہے مگر تنخواہ نہیں کیا جا رہا۔ مفت ادویات فراہم کرنے کا کہا بھی کیا ہے، بہت بڑا ڈرامہ ہے۔ اس کا فائدہ، نہیں نقصان ہو رہا ہے، پابندی یہ لگا دی گئی ہے کہ کسی مریض کے لئے



عمر فاروق

omarfarooq@gmail.com

ہمارے ارباب بست وکشاد نے یہ عنوانی رویہ کے لیے بھی ہمارے ملک کو ایٹمی طاقت بنانے کے لیے کوشش کی ہے۔ بات نہ بننے کی صورت میں گرفتاری عمل میں آتی ہے، پھر معاملات عدالتوں کے سپرد ہو جاتے ہیں، وہاں پر جو کچھ ہوتا ہے وہ بھی سب کے سامنے ہے۔ بدعنوانی نہ صرف ہمارے ملک کی ترقی میں رکاوٹ ہے بلکہ یہ ہمارے ملک کی ساکھ کو بھی بری طرح متاثر کر رہی ہے۔ بدعنوانی کے ملزمان کو دی جانے والی سزاؤں کے حوالے سے ایک رپورٹ کے مطابق ایف آئی اے نے 2024 میں 98 بدعنوانی کے 711 مقدمات مختلف عدالتوں میں پیش کیے جن میں سے صرف 75 ملزمان کو سزا سنائی گئی۔ اسی طرح اینٹی کرپشن پنجاب نے 2018-23 کے پانچ سال کے عرصہ میں کل 6401 مقدمات مختلف عدالتوں میں پیش کیے جن میں سے صرف 222 ملزمان کو سزا دی گئی۔ باقی ملزمان کو بری کر دیا گیا۔ اس سے ہم اندازہ بدعنوانی کے اداروں اور عدالتوں کی کارکردگی کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ جو ملزمان عدالتوں سے بے گناہ ثابت ہونے کی بنیاد پر باعزت بری کیے گئے ان کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا ازالہ کون کرے گا؟ ملک عظیم میں ایسا کوئی قانون سرے سے موجود ہی نہیں۔

اگر ہم ملک میں "گڈ گورننس" لانے کے خواہاں ہیں تو باقی اقدامات کے علاوہ ہمیں ایسے سرکاری اداروں میں بدعنوانی کے ناسور کا قلع قمع کرنے کے لیے اندراد بدعنوانی کے اداروں کی ازسرنو تشکیل کرنا ہوگی۔ فی الوقت ملک میں جو موجودہ اینٹی کرپشن کے ادارے کام کر رہے ہیں ان میں سے قطعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر اداروں سے ڈیپوٹیشن پر افسروں کو تعینات جاتا ہے جن کی ہمدردیاں اپنے ساتھی افسروں کے ساتھ ہوتا ایک لازمی امر ہے۔ جرم ثابت ہونے اور ڈسٹرشہ اختیار کی صورت میں ان ملزمان کو سزا دینے کے لیے ایک علیحدہ اور خصوصی عدالتی نظام ہونا چاہیے، اس لیے مقدمات بھی جلد اور باثمر ہوں۔ ایسے ملزمان کی جائیداد کو بحق سرکار ضبط کرنے کا قانون بھی ہونا چاہیے۔ ایسے ملزمان کو سرکاری ملازمت کے لیے تاحیات نااہل قرار دیا جائ

1

تجزیہ

دہشت گردی کے خلاف جنگ اور اقوام متحدہ کے امن مشن میں پاکستان اور اس کی مسلح افواج کی قربانیاں، ناجائز خدمات کو خراج تحسین پیش کیا، ترجمان پاک فوج کا لیے پاکستان کے مسلسل عزم کا اعتراف کرتے ہوئے عالمی تنازعات کے پُرامن حل کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔

2

تجزیہ

فورسز کو مضبوط بنانے کے لیے پُرعزم ہیں، وزیر اعظم

ملاقات کرنے والے وفد میں چودری رزاق، نگی عبدالرحمان فاروق چوہان، مزاحز عزیز الرحمان، راجہ خدمات کوخراج تحسین پیش کیا، ترجمان پاک فوج کا قیلے پر بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرلیا گیا۔ پاکستان کے مسلسل عزم کا اعتراف کرتے ہوئے گیا۔ کوہستان کی وسرخیل فورسز نے مشترکہ آپریشن عالمی تنازعات کے پُرامن حل کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔

3

تجزیہ

مقامات پر موجود سیلاب، افراسٹرکچر کی بحالی، رسائی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم آزاد کشمیر سے ملاقات کرنے والے وفد میں چودری وزیر، راجہ فیصل شریف الدین، بشارت، چودری ارشد، مزمل حاد، راجہ عامر، سید ظہور عمران میر، چودری محمد اعجاز، چودری ریاض، راجہ شاہد محمود، راجہ شریف منظر، راجہ عبدالرحمان، راجہ ظفر، میر فاروق، راجہ ذیشم شریف، احمد، چودری ارشد، میر فاروق، راجہ حاد، راجہ عامر، میر، بشارت، چودری ارشاد، چودری مدثر، چودری ارشد، احمد صدیق، خواجہ شفیق، میر، مزمل شاہد، فہد فاروق، ادریس حافظ جاوید، یاسر شبیر، ظہور تبس، محمد شعیب، الیاس، چودری، ظفر، ظفر، میر، فاروق، راجہ شفیر، شریف، احمد، چودری ارشد، میر، فاروق، راجہ حاد، راجہ عامر، میر، بشارت، چودری ارشاد، چودری مدثر، چودری ارشد، احمد صدیق، خواجہ شفیق، میر، مزمل شاہد، فہد فاروق، ادریس حافظ جاوید، یاسر شبیر، ظہور تبس، محمد شعیب، الیاس، چودری، ظفر، ظفر، میر، فاروق، راجہ شفیر، شریف الدین، بشارت، چودری ارشد، مزمل

روزنامہ وطن وائس اوورسیز ٹیم

امیر محمد خان — ریذیڈنٹ ایڈیٹر بحرین
الیاس رحیم — ریذیڈنٹ ایڈیٹر سعودی عرب
ایم ایم عالم — ریذیڈنٹ ایڈیٹر برطانیہ
نواز مجید — ریذیڈنٹ ایڈیٹر یورپ

وطن وائس — Daily WATAN VOICE Digital — Email: watanvoicedigital@gmail.com Cell: +923127156418 — Area Trust Area, Lahibagh, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa

Pakistan Journalists Forum-KSA

18 اکتوبر 2005 کا زلزلہ ایک قومی سانحہ تھا، چنگیز خان

آزاد کشمیر سمیت پورے خطے کو گہرے صدمے سے دوچار، ہزاروں افراد شہید، لاکھوں افراد متاثر ہوئے

زلزلے میں اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں کا دکھ آج بھی تازہ، تعمیر وترقی کے مکمل کو مزید مضبوط بنایا جائے

بریگیڈیئر (ر) سلمان گل (ن) آزاد کشمیر سمیت پورے خطے کو گہرے صدمے سے دوچار، ہزاروں افراد شہید اور زخمی ہوئے جبکہ لاکھوں افراد متاثر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ زلزلے میں اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں کا دکھ آج بھی تازہ ہے۔ 8 اکتوبر ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے جدید اور مؤثر اقدامات کیے جائیں اور متاثرہ علاقوں میں تعمیر وترقی کے عمل کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ راہبہ چنگیز خان نے کہا کہ زلزلے کے بعد پاکستانی قوم نے جس اتحاد، یکجہتی اور جذبہ ایثار کا مظاہرہ کیا وہ قابل فخر ہے۔ ہر دور میں ملک مقیم کشمیریوں اور پاکستانیوں نے بھی متاثرین کی امداد میں بھرپور کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، حکومت کو چاہیے کہ زلزلہ متاثرہ علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، محفوظ تعمیرات اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام کو مزید (باقی صفحہ 2 بقیہ نمبر 20)

8052 پاؤنڈز کی خطیر رقم چاچیک بریڈفورڈ کونسل کے خصوصی دورے کے دوران سابق لارڈ میئر محمد شفیق کو پیش کیا

زاہد مغل نہ صرف کامیاب بزنس مین بلکہ بریڈفورڈ کمیونٹی کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ہیں، عطیہ قابل تحسین ہے، محمد شفیق

لندن (بیورو رپورٹ) انسانیت کی بے لوث خدمت کے جذبے سے سرشار برطانیہ کی معروف کاروباری و سماجی شخصیت نعمۃ امتیاز، سابق میئر بریڈفورڈ، شفیق کونسل کے خصوصی دورے کے دوران سابق لارڈ میئر محمد شفیق کو چیک بھیا کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، 18,8052 پاؤنڈز کی خطیر رقم کا چیک بریڈفورڈ کونسل کے خصوصی دورے کے دوران سابق لارڈ میئر محمد شفیق کو پیش کیا۔ سماجی شخصیت نعمۃ امتیاز، وزیر اعظم آزاد کشمیر اور سرکری اطلاعات وبلدیات چوہدری انوار الحق کی اہلیہ محترمہ بشریٰ انوار الحق، فاضل سماجی رہنما منوج چوہدری، سابق لارڈ میئر مانچسٹر کونسلر سید صفدر، صحافی محمد طاہر چوہدری، سابق میئر بریڈفورڈ شفیق کی بیٹی مسز نعمۃ امتیاز، کونسلر اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر سابق لارڈ میئر محمد شفیق نے زاہد مغل نعمۃ امتیاز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ زاہد مغل نہ صرف ایک کامیاب بزنس مین ہیں بلکہ وہ بریڈفورڈ کمیونٹی کے لیے ایک قیمتی (باقی صفحہ 2 بقیہ نمبر 21)

حوثیوں کا ریاض اور ابہا ایئرپورٹس کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

سعودی عرب نے حملوں کی تصدیق نہیں کی، ہوائی آمد ورفت بھی نہیں ہو سکی

صنعا (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن کے حوثی گروپ نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض سمیت مختلف علاقوں میں اہم تنصیبات کو میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنایا ہے۔ حوثی گروپ کی جانب سے جاری بیان میں محملوں کی نوعیت، ان کے نتیجے میں ہونے والے ممکنہ نقصان یا جانی نقصان کے بارے میں مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔

حملہ آور میزائل یا جوابی میں کتنے میزائل اور ڈرونز داغے گئے، اس حوالے سے بھی کوئی تفصیل سامنے نہیں آئی۔ دوسری جانب سعودی عرب کے دفاعی نظام نے ریاض اور ابہا ایئرپورٹ پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز حملوں کو ناکام بنا دیا۔ سعودی عرب کی وزارت دفاع کے ترجمان کرنل ترکی المالکی نے کہا کہ ریاض کی جانب داغے گئے بیلسٹک میزائل کو فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا، جبکہ ابہا ایئرپورٹ پر ڈرونز حملے کو بھی ناکام بنا دیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ حملوں کے نتیجے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ سعودی عرب کی وزارت دفاع کے ترجمان کرنل ترکی المالکی نے کہا کہ ریاض کی جانب داغے گئے بیلسٹک میزائل کو فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا، جبکہ ابہا ایئرپورٹ پر ڈرونز حملے کو بھی ناکام بنا دیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ حملوں کے نتیجے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

ایران جنگ؛ امریکا کے 81 فوجی طیارے اور ڈرون تباہ

امریکی نقصانات میں جدید جنگی طیاروں کے ساتھ ہنگرانی، ایندھن بھرنے اور بغیر پائلٹ کے طیارے بھی شامل ہیں

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے خلاف جاری جنگ کے دوران امریکا کے 81 فوجی طیارے اور ڈرونز یا تو تباہ ہو گئے یا انہیں شدید نقصان پہنچا ہے جس کے باعث دو کھرب ڈالر سے زائد مالیت کے ان طیاروں کے نقصان کی مجموعی مالیت تقریباً 3.3 ارب ڈالر بنتی ہے۔ بلومبرگ ریسرچ سروس کی نئی رپورٹ کے مطابق امریکی انتظامیہ میں جدید جنگی طیاروں کے ساتھ ہنگرانی، ایندھن بھرنے اور بغیر پائلٹ کے طیارے بھی شامل ہیں۔ رپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)





جرمنی کے سابق انٹیلیجنس سربراہ کو غداری کے الزامات میں گرفتار کرلیا گیا

وفاقی پراسیکیوٹر کے مطابق اگست ہینگک نے 1998 سے 2005 تک BND کی سربراہی کی تھی۔ عہدہ چھوڑنے کے بعد وہ کئی شعبے میں کنسلٹنٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمنی کے سابق خفیہ ایجنسی کے سربراہ کو مبینہ طور پر روس کے لیے جاسوسی کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ جرمن انٹیلیجنس ادارے بنڈیس نیچرشے ڈینسٹ کے مطابق اگست ہینگک نے مبینہ طور پر روس کے لیے جاسوسی کی۔ ان پر الزام ہے کہ انہوں نے 2019 سے 2021 تک بنڈیس نیچرشے ڈینسٹ کے سربراہ کی حیثیت سے اپنے عہدے کا غلط استعمال کیا۔ ان کے خلاف مقدمہ جمعرات کو شروع ہوا۔ ہینگک نے عدالت میں اپنے اوپر لگائے گئے الزامات کو مسترد کیا ہے۔ ان کے وکیل نے کہا کہ ان کے مؤکل نے کبھی بھی کسی غیر ملکی ایجنسی کے لیے کام نہیں کیا۔ استغاثہ کا کہنا ہے کہ ہینگک نے روسی ایجنسی کے ایک افسر کو خفیہ معلومات فراہم کیں، جن میں نیٹو کے اندر کی بات چیت اور جرمنی کے اتحادیوں کے بارے میں حساس معلومات شامل تھیں۔ ان معلومات کے بدلے میں انہیں مبینہ طور پر بڑی رقم ملی۔ ہینگک نے 1978 میں جرمن فیڈرل انٹیلیجنس سروس میں شمولیت اختیار کی تھی۔ وہ 1998 سے 2005 تک اس ادارے کے سربراہ رہے۔ ان کے دور میں ادارے کا بجٹ اور عملہ دونوں بڑھے۔ ان کی ریٹائرمنٹ کے بعد وہ کئی برس تک ایک نجی سیکیورٹی کمپنی کے مشیر بھی رہے۔ اگر ان پر لگائے گئے الزامات ثابت ہو جاتے ہیں تو انہیں عمر قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

طالبان رجیم کے خلاف مزاحمت تیز؛ افغانستان میں مسلح گروپوں کے تابڑ توڑ حملے

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان میں طالبان رجیم کے خلاف عوامی اور مسلح مزاحمت میں تیزی آگئی ہے جبکہ مختلف علاقوں میں مسلح گروپوں کی جانب سے تابڑ توڑ حملے کیے جا رہے ہیں۔ عوامی اور مسلح مزاحمت کی شدت سے بوکھلاہٹ کا شکار طالبان رجیم نے اپنے مخالفین کے خلاف فضائی بمباری کا سلسلہ بھی تیز کر دیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز طالبان رجیم کے جنگی طیاروں نے صوبہ بغلان کے ضلع خاکریز میں مختلف مقامات پر بمباری کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

سعودی ولی عہد کا 2026 کا آغاز ولی عہد نے خون کا عطیہ دیا

سعودی ولی عہد کا اقدام انسانی خدمت اور صحت عامہ سے وابستگی کا اظہار، شہریوں کو رضا کارانہ خون عطیہ کرنے کی ترغیب دی

ہم ہمیشہ مقصد سماجی ذمہ داری کا شعور اجاگر کرنا خون کے ذخائر مضبوط بنانا اور مریضوں کو بہتری طبی مدد فراہم کرنا ہے

جدہ (بیورو رپورٹ) سعودی ولی عہد وزیر اعظم شہزاد محمد بن سلمان نے مشکل کو خون کا عطیہ دے کر سالانہ قومی عطیہ خون مہم 2026ء کا آغاز کیا ہے۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق یہ اقدام ولی عہد کی انسانی خدمت کے لیے مسلسل وابستگی اور مخاطرتی صحت کے فروغ کے ساتھ قومی اور صحت سے متعلق اقدامات (باقی صفحہ 2 بقیہ نمبر 27)





نیویارک میں خسرے کی وبا کے بعد ہنگامی حالت نافذ

2025 میں خسرے کے کیسز میں اضافے کے بعد کسی امریکی ریاست کی جانب سے پہلی ہنگامی حالت ہے

نیویارک سٹی میں سات جبکہ باقی 101 کیسز ریاست کے دیگر علاقوں میں رپورٹ ہوئے ہیں

نیویارک (آئی این پی) امریکی ریاست نیویارک کی گورنر کیتھی ہوکل نے ریاست میں خسرے کی وبا کے باعث ایمرجنسی نافذ کر دی۔ 2025 میں خسرے کے کیسز میں اضافے کے بعد کسی امریکی ریاست کی جانب سے پہلی ایسی ہنگامی حالت ہے، ریاست میں 3 اکتوبر تک خسرے کے 108 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں جن میں سے 92 کیسز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)



ٹرمپ نے دنیا پر اپنے کندھوں پر اٹھائے AI تصویر شیئر کر دی

امریکی صدر خود کو دنیا کا بوجھ اٹھانے والی شخصیت کے طور پر پیش کرنا چاہتے ہیں، ماہرین

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر سوشل میڈیا پر ایسی تصویر شیئر کی ہے جس نے صارفین کو تو حیران کیا ہی، ساتھ ہی ان کی یاد دلا دی۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر بظاہر مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ ایک تصویر پوسٹ کی ہے، جس میں انہیں امریکی پرچم اوڑھے ایک کندھے پر مچھلی ہوئے اور پوری دنیا کو اپنے کندھوں پر اٹھائے دکھایا گیا ہے۔ یہ تصویر یونانی دیومالا کے کردار اٹلس کی یاد دلاتی ہے، جسے روایات میں دنیا کے آسمان کو اپنے کندھوں کے سہارے تھامے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



آگے بڑھنے کیلئے برائے اصلح کو ترجیح دینا ہوگی، سردار مختار

زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں بنیادی سہولیات تعمیر اور تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی تکمیل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں

مظفرآباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلزپارٹی آزاد کشمیر کے ممبر قانون ساز اسمبلی سردار مختار احمد خان نے کہا ہے کہ زلزلہ متاثرہ علاقوں کی تعمیر وترقی کے لیے کی جانے اقدامات اٹھائے جائیں، 8 اکتوبر کے شہداء کی یاد کو حقیقی معنوں میں خراج عقیدت اسی صورت پیش کیا جا سکتا ہے جب متاثرہ علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی تعلیمی اداروں کی بحالی صحت کے مراکز کی تعمیر اور تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی تکمیل کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ ہمیں آگے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)



سہولیات میں بہتری کیلئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرینگے، ڈی جی سیاحت

وادی نیلم قدرتی حسن، سرسبز پہاڑوں، جنگلات اور منفرد دیہاتی مقامات کے باعث آزاد کشمیر کا اہم سیاحتی خطہ ہے

مظفرآباد، ریسکیو 1122 کے آپریشن اپجارٹ دو دیگر آگاہی سیشن میں عملی مظاہرہ کرکے دکھارہے ہیں

نیلم (بیورو رپورٹ) وزیر سیاحت آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر عبدالرحمٰن آرائیں اور سیکرٹری سیاحت انصر یعقوب کی ہدایات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل سیاحت راجہ شاہد یٰسین نے وادی نیلم کے دورے کے دوران کیل ٹورسٹ مڈل سمیت گریس کے مختلف اہم سیاحتی مقامات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے دورے کے دوسرے روز سیاحتی مقامات پر موجود سہولیات، انفراسٹرکچر، رہائش، رسائی اور سیاحوں کے لیے دستیاب بنیادی سہولیات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 3)

18 اکتوبر کا سانحہ آج بھی قومی یادداشت کا حصہ، شہداء کو نہیں بھولا جا سکتا، پہلوان

تباہ کن زلزلے نے ہزاروں خاندان اجاڑ دیے، مضبوط تعمیرات اور جدید ہنگامی نظام وقت کی اہم ضرورت ہیں

قدرتی آفات سے جانی ومالی نقصان کم کرنے کیلئے حکومت اور اداروں کی استعداد کار مزید بہتر بنانا ہوگی

میر پور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) آزاد جموں وکشمیر کے مرکزی میڈیا سیکرٹری ماہلہ وسائل ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن میر پور خواجہ ساجد محمود اور دیگر آگاہی واک میں شریک ہیں



مظفرآباد/میر پور (نامہ نگار خصوصی) 18 اکتوبر 2005 کا زلزلہ آزاد جموں وکشمیر کے مرکزی علاقوں کو ہمیشہ کے لیے تبدیل کر گیا۔ ہزاروں خاندان اجڑ گئے، لاکھوں افراد متاثر ہوئے اور ایک دہائی سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود اس سانحے کے زخم آج بھی تازہ ہیں۔ 8 اکتوبر کو ملک بھر کے ساتھ ساتھ آزاد کشمیر میں بھی مختلف مقامات پر تقریبات منعقد ہوئیں، جن میں شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

18 اکتوبر سانحہ میں محفوظ اور باشعور معاشرے کی تشکیل کا درس دیتا ہے، میاں بشیر

زلزلے نے ہزاروں خاندان اجاڑ دیے، شہداء اور متاثرین کی قربانیوں کو یاد رکھنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے

بلدیاتی کوڈ پر مشترکہ آمد، ریکیوزیشن اداروں کی استعداد اور عوامی تربیت سے قدرتی آفات کے نقصانات کم کیے جا سکتے ہیں

میر پور (سٹاف رپورٹر) مرکزی صدر مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن (ایم ایس ایف ان) آزاد کشمیر حافظ یاسر بشیر چوہدری نے کہا ہے کہ 8 اکتوبر 2005ء کا ہولناک زلزلہ آزاد کشمیر کی تاریخ کا ایک ایسا سانحہ ہے جس کے اثرات آج بھی دلوں میں محسوس کیے جاتے ہیں، چند لمحوں میں آبادیاں ملبے کا ڈھیر بن گئیں، تعلیمی ادارے، گھر اور بنیادی ڈھانچہ تباہ ہو گیا اور ہزاروں خاندان اپنے پیاروں سے محروم ہو گئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)



مظفرآباد میں منعقدہ قانون ساز اسمبلی نور بین عارف رسید سکندر گیلانی و دیگر آگاہی واک میں شریک ہیں

18 اکتوبر کا سانحہ آج بھی قومی یادداشت کا حصہ، شہداء کو نہیں بھولا جا سکتا، پہلوان

تباہ کن زلزلے نے ہزاروں خاندان اجاڑ دیے، مضبوط تعمیرات اور جدید ہنگامی نظام وقت کی اہم ضرورت ہیں

قدرتی آفات سے جانی ومالی نقصان کم کرنے کیلئے حکومت اور اداروں کی استعداد کار مزید بہتر بنانا ہوگی

میر پور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) آزاد جموں وکشمیر کے مرکزی میڈیا سیکرٹری ماہلہ وسائل ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن میر پور خواجہ ساجد محمود اور دیگر آگاہی واک میں شریک ہیں

مظفرآباد/میر پور (نامہ نگار خصوصی) 18 اکتوبر 2005ء کا ہولناک زلزلہ آزاد جموں وکشمیر کی تاریخ کا ایک ایسا سانحہ ہے جس نے لمحوں میں ہنستے بستے خاندانوں کو ملبے کا ڈھیر بنا دیا، ہزاروں گھر زمین بوس ہو گئے، تعلیمی ادارے، اسپتال اور بنیادی ڈھانچہ تباہ ہو گیا اور لاکھوں افراد متاثر ہوئے۔ 8 اکتوبر کو ملک بھر کے ساتھ ساتھ آزاد کشمیر میں بھی مختلف مقامات پر تقریبات منعقد ہوئیں، جن میں شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

فلم ساز روبت شیٹی کو بٹشوئی گینگ کی 20 کروڑ بھتے کی دھمکی

روبت شیٹی کی سیکیورٹی مزید سخت اور معاملے کی تفتیش شروع کر دی گئی ہے، ممبئی پولیس



ممبئی (بیورو) ممبئی پولیس نے بٹشوئی گینگ کی جانب سے فلم ساز روبت شیٹی سے 20 کروڑ روپے بھتے کا مطالبہ کیا گیا ہے اور ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں سنگین نتائج کی دھمکی دی گئی ہے۔ روبت شیٹی نے بتایا کہ انہیں پہلی بار 15 مارچ کو دھمکی ملی تھی، جس کے بعد انہوں نے ممبئی پولیس کے سائبر کرائم سیل سے رابطہ کیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

سلمان خان کی ممبئی کی مصروف سڑک پر سائیکل چلاتے تصاویر وائرل

سلمان خان کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی تصاویر پر مداحوں کی مختلف آرا سامنے آ گئی ہیں



ممبئی (بیورو) ممبئی پولیس نے سلمان خان کی ممبئی کی مصروف سڑک پر سائیکل چلاتے تصاویر وائرل ہونے کے بعد ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 4 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا۔ وائرل تصاویر میں اداکار کو سیاہ رنگ کی ہودی کے ساتھ سرخی رنگ کی شارٹس، سر پر ٹوپی اور ہیرو میں ہوگر پہنے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ جب وہ شہر کی مصروف سڑکوں سے گزر رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

شراب نوشی کے الزامات، بلال سعید نے خاموشی توڑ دی

میرے اور آمنہ کے ہاتھوں میں موجود کپوں میں شراب نہیں، بھائی تھی، گلوکار

کراچی (بیورو) گلوکار بلال سعید نے لندن میں ساتھی گلوکار آمنہ بیگ کیساتھ وائرل ویڈیو پر خاموشی توڑتے ہوئے شراب نوشی سے متعلق سوشل میڈیا پر بنے بنائے قرار دے دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حال ہی میں سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیوز میں بلال سعید اور آمنہ بیگ کو لندن کے مشہور علاقے سوہو میں مداحوں سے ملاقات، سیلفیاں بناتے اور وقت گزارتے ہوئے دیکھا گیا تھا۔ ویڈیوز منظر عام پر آنے کے بعد بعض سوشل میڈیا صارفین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

جدوجہد میں شجاعت کی مثال، مجاہد حسین کا یوم شہادت

مجاہد حسین شہید نے آزادی کیلئے عزم، ہمت اور دلیری کی نئی داستان رقم کی

مظفرآباد (این این آئی) آزادی کشمیر کی جدوجہد میں شجاعت اور قربانی کی لازوال مثال قائم کرنے والے مجاہد حسین ڈی پی شہید کا 79 واں یوم شہادت منایا گیا۔ 1947 میں مجاہد حسین شہید نے آزادی کشمیر مخلصے عزم، ہمت اور دلیری کی نئی داستان رقم کی۔ وہ 7 آزاد کشمیر بٹالین نمبر 5 میں ہراول دستے کا حصہ بنے اور اکتوبر 1947 میں ہراول دستے کا حصہ بنے اور اکتوبر 1947 کو جام شہادت نوش کیا۔ ان کی عظیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

وطن وائس وطن سے دور رہنے والوں کی آواز اور مؤثر آواز
www.dailywatanvoice.com
Email:watanvoicedigital@gmail.com Cell: +92317-5526830
روزنامہ وطن وائس Daily WATAN VOICE Digital
ایڈیٹر ان چیف: چوہدری معروف سین

ضرورت نمائندگان

روزنامہ "وطن وائس ڈیجیٹل" کی صحافتی ٹیم کو مزید مضبوط اور مؤثر بنانے کے لیے برطانیہ، یورپ، مڈل ایسٹ، پاکستان اور آزاد جموں وکشمیر کے تمام بڑے اور چھوٹے شہروں سے متحرک اور باصلاحیت نوجوان صحافی نمائندگان درکار ہیں۔

اگر آپ صحافت سے دلچسپی رکھتے ہیں، اپنے علاقے کے مسائل، عوامی سرگرمیوں اور اہم واقعات کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کا جذبہ رکھتے ہیں تو یہ آپ کے لیے ایک بہترین موقع ہے۔

مطلوبہ خصوصیات:
• متاثی حالات اور عوامی مسائل سے آگاہی
• خبر نویسی اور رپورٹنگ میں دلچسپی
• سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل ذرائع کے استعمال کی بنیادی مہارت
• ذمہ داری، دیانت داری اور پیشہ وارانہ رویہ

خواہشمند افراد اپنی مختصر معلومات، تصویر اور رابطہ تفصیلات کے ساتھ درخواست ارسال کریں

روزنامہ وطن وائس

نوٹ: نمائندگی صرف اعزازی بنیاد پر ہوگی

رابطہ نمبر: +92 317 5526830